ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(272)

مورخہ 15.05.24

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 12 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کومزید تیز کیا جارہاہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائنز ،صدر بہاولپور، مسافرخانہ، ہیڈ راجکاں اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان ذیشان، مشتاق، وسیم اسلم ،صغیر اورحق نواز کوگرفتار کرکےان کے قبضہ سے 126 لیٹرشراب برآمد کرلی۔اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے تھانہ سول لائنز اور تھانہ سٹی احمد پورشرقیہ پولیس نے 02 ملزمان اختر اور اکمل کوگرفتارکرکےان کے قبضہ سے 01 کلو سے زائد چرس اور 15 کلو بھنگ برآمد کرلی۔جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ سول لائنز، بغدادالجدید، سمہ سٹہ اور خیر پورٹامیوالی پولیس نے 05 ملزمان یونس، عابد، بلال ،عمران اور خالد کوگرفتارکرکےان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد رائفل، 01 عدد ریوالور 32 بوراور 01 عدد رپیٹر 12 بور برآمد کرلیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کومزید تیز کیا جارہاہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب ،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد